
# خواب ہمارے پورے ہونگے


END POLIO NOW





دادی نیند نہیں آ رہی پہلے کہانی سنائیں


اچھا آؤ میں تمہیں پاکستان کی جیت کی
کہانی سناتی ہوں۔


ہمارے پیارے وطن پاکستان میں سب
بچوں کے کچھ خواب ہیں
کوئی کرکٹر بننا چاہتا ہے،
کوئی پائلٹ بننا چاہتا ہے،
کوئی ڈاکٹر بننا چاہتا ہے،


یہ بچے کامیاب ہو کر ملک وقوم کا
نام روشن کرنا چاہتے ہیں


لیکن ان کے خوابوں کے راستے میں
کچھ رکاوٹیں ہیں
Road closed
راستہ بند ہے



یہ روکاوٹیں ۔۔۔ پولیو کے جراثیم کھڑی کرتے ہیں
یہ وائرس ۵ سال کی عمر تک کے بچوں کے پیٹ میں داخل ہوکر اعصابی نظام پر حملہ کرتا ہے


اوراس کے نتیجے میں آپ معذور ہو جاتے ہیں،
اوراس معذوری کو پولیو کہتے ہیں



دادی اعصابی نظام پر حملے سے کیا ہوتا ہے


اس سے بچوں کے ہاتھ پیر ٹیڑھے ہو جاتے ہیں
اور اس کے بعد نہ وہ چل پھر سکتے ہیں نہ کوئی کام
کر پاتے ہیں
جی دادی جب ہم کھیل رہے ہوتے ہیں


تو رافع ہمیں اداس ہو کر دیکھ رہا ہوتا ہے
اس کا مطلب اسے بھی پولیو ہے!
آج بھی پاکستان پولیو سے مکمل نجات
حاصل نہیں کر سکا



لیکن اب ہم نے پولیو کے خاتمے کا تہیہ کرلیا ہے
پولیو ویکسین کے دو قطرے ہر بچہ ہر بار پی لے تو پولیو سے محفوظ رہتا ہے


END POLIO NOW
ہم اپنے بچوں کو صحت مند دیکھنا چاہتے ہیں
اس لیئے روٹری انٹرنیشنل اس بات کو یقینی بنا رہا ہے
کے تمام بچوں کو وقت پر پولیو کے قطرے پلاے
جائیں


اوراس طرح پولیو کے یہ دو قطرے
بچوں کے راستے کی تمام رکاوٹیں دور کردینگے


وہ دن دور نہیں جب پاکستان پولیو سے
بالکل محفوظ ہوجائیگا


END POLIO NOW
سارے بچوں کے خواب پورے ہونگے


اور پاکستان کی جیت ہوگی!
ارے میرا بچہ سوگیا!

Rotary

# بچوں کے حفاظتی ٹیکوں کا کورس نیچے دیئے گئے شیڈول کے مطابق مکمل کروائیں۔

## معلومات:

- پولیو کا وائرس آپ کے محلے میں موجود ہے۔ آپ کے بچے کی قوت مدافعت کو مضبوط کرنے کے لئے پولیو ویکسین کی متعدد خوراکوں کی ضرورت ہے۔
- پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن نے بھی پولیو کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے ویکسین کی متعدد خوراکیں لینے پر زور دیا ہے۔
- تمام والدین کا حق ہے کہ اپنے بچوں کے لئے قریبی مرکزِ صحت سے ویکسین کی مفت سہولت حاصل کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| پہلی بار | پیدائش کے فوراً بعد | پولیو کے قطرے 0 + بی سی جی | بچوں کو حفاظت ملی یا نہیں؟ |
| دوسری بار | ڈیڑھ ماہ بعد | پولیو کے قطرے 1 + پینٹا ویلنٹ 1 + نیمو کوکل 1 | |
| تیسری بار | ڈھائی ماہ بعد | پولیو کے قطرے 2 + پینٹا ویلنٹ 2 + نیمو کوکل 2 | |
| چوتھی بار | ساڑھے تین ماہ بعد | پولیو کے قطرے 3 + پینٹا ویلنٹ 3 + نیمو کوکل 3 | |
| پانچویں بار | 9 ماہ کے فوراً بعد | خسرہ کی پہلی خوراک | |
| چھٹی بار | 15 ماہ کے فوراً بعد | خسرہ کی دوسری خوراک | |

اپنے گھر آنے والی پولیو ٹیم کے ساتھ تعاون کریں،
ٹیم کے نہ پہنچنے کی صورت میں ویکسینیشن کے لئے
قریبی مرکزِ صحت سے رابطہ کریں۔

## پولیو سے حفاظت ۔ قومی صحت کی ضمانت

پولیو کے دو قطرے
ہر بچہ ہر بار

END POLIO NOW